© rasailojaraid.com



# تبصرے

**امام احمد بن حنبل** مترجمہ جناب عمر فاروق ایم اے، تقطیع کلاں۔ ضخامت ۵۰۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد ۹/۰۰ پتہ:۔ اسلامی پبلشنگ کمپنی اندرون لوہاری دروازہ۔ لاہور۔

شیخ محمد ابوزہرہ عہد حاضر کے بلندپایہ اور محقق مصنف ہیں، فقہ اور اصول فقہ موصوف کا خاص میدان تحقیق وموضوع تصنیف ہے۔ چنانچہ اب تک آپ کے قلم سے فقہ کے ائمۂ اربعہ۔ اُن کے تلامذہ۔ فقہ جعفری اور اس سلسلہ کے دوسرے موضوعات پر الگ الگ بڑی اہم کتابیں نکل کر ارباب علم میں مقبول ومشہور ہوچکی ہیں، انھی میں سے ایک مستقل ضخیم کتاب امام احمد بن حنبل پر ہے۔ یہ کتاب دو حصوں پر منقسم ہے حصۂ اول میں امام عالی مقام کے خاندانی اور ذاتی حالات وسوانح، شیوخ واساتذہ۔ آپ کے عہد کے فرق اسلامیہ اور ان کے اثرات، ذاتی فضائل ومناقب وغیرہ کا نہایت مفصل تذکرہ ہے، اس کے بعد حصۂ دوم میں امام صاحب کے افکار وآرا، علم حدیث وفقہ میں آپ کا مقام، تصنیفات اور سیاسی مسلک اور فقہ حنبلی کے مآخذ اور اس کے نمایاں خدوخال ان تمام مباحث پر نہایت محققانہ اور معلومات افزا بحث وگفتگو کی گئی ہے، اس کتاب کا پہلے بھی اُردو میں ترجمہ ہوچکا ہے۔ لیکن زیر تبصرہ کتاب کے ناشر کا دعویٰ ہے کہ پہلا ترجمہ ناقص تھا اور بعض وجوہ سے قابل اعتراض بھی، یہ ترجمہ ان نقائص سے پاک ہے، بہرحال ترجمہ یہ بھی شگفتہ اور رواں ہے اور کہیں کہیں حاشیے میں مفید نوٹ بھی ہیں، شروع میں مولانا ابوالکلام آزاد نے اپنی کتاب تذکرہ میں خلق قرآن سے متعلق امام احمد کے ابتلا کے سلسلہ میں جو کچھ لکھا تھا۔ تعارف کے زیر عنوان اسے بھی کتاب میں شامل کردیا گیا ہے۔



© rasailojaraid.com